احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعہ یکم فروری 2008ء

روزنامہ
الفضل
C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ یکم فروری 2008ء 22 محرم 1429 ہجری یکم تبلیغ 1387 ھش جلد 58-93 نمبر 27

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اخلاق دوسری نیکیوں کی کلید ہے۔ جو لوگ اخلاق کی اصلاح نہیں کرتے وہ رفتہ رفتہ بے خیر ہو جاتے ہیں۔ میرا تو یہ مذہب کہ دنیا میں ہر ایک چیز کام آتی ہے۔ زہر اور نجاست بھی کام آتی ہے۔ اسٹرکنیا بھی کام آتا ہے۔ اعصاب پر اپنا اثر ڈالتا ہے۔ مگر انسان جو اخلاق فاضلہ کو حاصل کر کے نفع رساں ہستی نہیں بنتا۔ ایسا ہو جاتا ہے کہ وہ کسی بھی کام نہیں آ سکتا۔ مردار حیوان سے بھی بدتر ہو جاتا ہے۔ کیونکہ اس کی تو کھال اور ہڈیاں بھی کام آ جاتی ہیں۔ اس کی تو کھال بھی کام نہیں آتی۔ اور یہی وہ مقام ہوتا ہے۔ جہاں انسان بل ھم اضل کا مصداق ہو جاتا ہے- پس یاد رکھو کہ اخلاق کی درستی بہت ضروری چیز ہے' کیونکہ نیکیوں کی ماں اخلاق ہی ہے۔

خیر کا پہلا درجہ جہاں سے انسان قوت پاتا ہے۔ اخلاق ہے۔ دو لفظ ہیں۔ ایک خَلق اور دوسرا خُلق۔ خَلق ظاہری پیدائش کا نام ہے اور خُلق باطنی پیدائش کا۔ جیسے ظاہر میں کوئی خوبصورت ہوتا ہے اور کوئی بہت ہی بدصورت۔ اسی طرح پر کوئی اندرونی پیدائش میں نہایت حسین اور دلربا ہوتا ہے اور کوئی اندر سے مجذوم اور مبروص کی طرح مکروہ۔ لیکن ظاہری صورت چونکہ نظر آتی ہے' اس لئے ہر شخص دیکھتے ہی پہچان لیتا ہے اور خوبصورتی کو پسند کرتا ہے اور نہیں چاہتا کہ بدصورت اور بدوضع ہو' مگر چونکہ اس کو دیکھتا ہے اس لئے اس کو پسند کرتا ہے اور خُلق کو چونکہ دیکھا نہیں' اس لئے اس کی خوبی سے ناآشنا ہو کر اس کو نہیں چاہتا۔ ایک اندھے کے لئے خوبصورتی اور بدصورتی دونوں ایک ہی ہیں۔ اسی طرح پر وہ انسان جس کی نظر اندرونہ تک نہیں پہنچتی' اس اندھے ہی کی مانند ہے۔ خَلق تو ایک بدیہی بات ہے۔ مگر خُلق ایک نظری مسئلہ ہے۔ اگر اخلاقی بدیاں اور ان کی لعنت معلوم ہو۔ تو حقیقت کھلے- غرض اخلاقی خوب صورتی ایک ایسی خوب صورتی ہے' جس کو حقیقی خوب صورتی کہنا چاہئے۔ بہت تھوڑے ہیں جو اس کو پہچانتے ہیں۔ اخلاق نیکیوں کی کلید ہے۔ جیسے باغ کے دروازے پر قفل ہو۔ دور سے پھل پھول نظر آتے ہیں۔ مگر اندر نہیں جا سکتے۔ لیکن اگر قفل کھول دیا جاوے' تو اندر جا کر پوری حقیقت معلوم ہوتی ہے اور دل و دماغ میں ایک سرور اور تازگی آتی ہے۔ اخلاق کو حاصل کرنا گویا اس قفل کو کھول کر اندر داخل ہونا ہے۔

کسی کو اخلاق کی کوئی قوت نہیں دی گئی' مگر اس کو بہت سی نیکیوں کی توفیق ملی۔ ترک اخلاق ہی بدی اور گناہ ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 354)

زبان پر قابو

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ اچھی بات کہے یا خاموش رہے۔

(صحیح بخاری کتاب الادب باب من کان یومن باللہ حدیث نمبر:5559)

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔
''دنیا کی بہتری کی کوشش میں لگ جاؤ''
(مشعل راہ جلد اول صفحہ 43)

محررین درجہ دوم کی ضرورت

دفاتر صدر انجمن احمدیہ میں محررین درجہ دوم کی وقتاً فوقتاً ضرورت رہتی ہے۔ صرف ایسے مخلص احمدی نوجوان درخواستیں بھجوائیں جو دینی کاموں سے شغف اور خدمت دین کا شوق رکھتے ہوں اور محنت سے کام کرنا چاہتے ہوں اور مستقل طور پر حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ میں کام کرنے کے خواہشمند ہوں۔

☆ **تعلیمی قابلیت**: ایف اے، ایف ایس سی، بی اے، بی ایس سی (کم از کم 45% نمبر)

☆ کمپیوٹر جاننے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔

☆ درخواست دینے کے لئے عمر کی حد 18 تا 25 سال ہے۔

مطلوبہ معیار پر پورا اترنے والے امیدوار اپنی درخواستیں، تعلیمی قابلیت کی مصدقہ نقول صدر صاحب جماعت کی تصدیق اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی کے ساتھ مورخہ 28 فروری 2008ء تک دفتر نظارت دیوان صدر انجمن احمدیہ میں بھجوا دیں۔ نامکمل درخواستوں پر غور نہیں ہوگا۔

نصاب درج ذیل ہے:

الف۔ قرآن مجید ناظرہ مکمل، پہلا پارہ باترجمہ، چالیس جواہر پارے، ارکان دین، نماز باترجمہ مکمل

ب۔ کشتی نوح، برکات الدعا، عام دینی معلومات، درثمین (نظم شان اسلام) مضمون بابت عقائد جماعت احمدیہ۔

ج۔ انگریزی، حساب (بمطابق معیار میٹرک)، عام معلومات۔

نوٹ:۔ 1۔ امیدوار کا خوشخط ہونا ضروری ہوگا۔

2۔ ہر جزو میں کامیاب ہونا لازمی ہے۔ کامیاب ہونے کے لئے 50 فیصد نمبر حاصل کرنا ضروری ہوں گے۔ فون نمبر نظارت دیوان 047-6213470

(ناظر دیوان۔ صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 469)

صدر انجمن احمدیہ قادیان کے اولین ناظر اعلیٰ

حضرت چوہدری محمد نصراللہ خاں صاحب (ولادت 1863ء وفات 2/3 ستمبر 1926ء)

سرزمین سیالکوٹ کے ایک عالی خاندان کے درخشندہ گوہر اور سلسلہ احمدیہ کی گراں قدر ہستی تھے جن کی خدانما زندگی نے حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خاں صاحب، حضرت چوہدری محمد عبداللہ خاں صاحب، چوہدری محمد اسداللہ خاں صاحب جیسے قابل فخر اور لاثانی اور عشاق خلافت پیدا کئے اور ایک ایسے خاندان کی بنیاد رکھی جس کا ہر فرد حضرت مسیح موعود کے سدا بہار وجود کی سرسبز شاخ ہے اور بے شمار پھلوں اور پھولوں سے لدا ہوا ہے جناب چوہدری حمید نصراللہ خاں امیر جماعت احمدیہ ضلع لاہور (جانشین حضرت چوہدری محمد عبداللہ خاں) کا تعلق اسی مشہور عالم گھرانے سے ہے جس کی قدیم وجدید خدمات کا سلسلہ نہایت وسیع ہے۔

حضرت چوہدری محمد نصراللہ خاں صاحب نے ستمبر 1904ء میں حضرت مسیح موعود و موعود اقوام وملل کے مقدس دست مبارک پر بیعت کی۔ حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خاں صاحب تحریر فرماتے ہیں:۔

1905ء میں جب آپ ستمبر کی تعطیلات میں قادیان حاضر ہوئے، تو آپ نے حضرت مسیح موعود کی خدمت اقدس میں گزارش کی کہ اگر حضور اجازت دیں، تو میں یہ کام چھوڑ کر زندگی کے بقیہ ایام خدمت دین میں گزاروں۔ حضور نے فرمایا اپنے پیشے میں دیانت کی مثال قائم کرنا یہ بھی دین کی خدمت ہے۔ آپ پوری دیانت اور احتیاط سے کام کرتے رہیں، استغفار بہت کیا کریں اور اپنی آمد میں سے صدقہ وخیرات اور خدمت دین کے لئے صرف کرتے رہیں۔ چنانچہ حضور کے اس ارشاد کی تعمیل میں آپ نے اپنا کام جاری رکھا۔ حضور کے وصال کے بعد آپ نے حضرت خلیفہ اول کی خدمت میں پھر اپنی خواہش پیش کی، تو حضور نے فرمایا۔'جس بات کی حضرت صاحب نے اجازت نہیں دی، نورالدین کیسے اجازت دے سکتا ہے'۔

آخر خلافت ثانیہ کے ابتدائی سالوں میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ارشاد پر آپ نے وکالت کا کام ترک کر دیا اور ہجرت کر کے دارالامان حاضر ہو گئے۔"

(رفقاء احمد جلد 11 صفحہ 166-167)

حضرت چوہدری صاحب 1917ء میں اپنی کامیاب وکالت چھوڑ کر مستقل طور پر دیار حبیب میں آ گئے اور اپنے وجود میں حضرت مصلح موعود کے قدموں میں رہ کر اور حضور کی قوت قدسیہ سے یکا یک ایسا زبردست انقلاب عظیم پیدا کر لیا کہ زمرہ ابدال میں شامل ہو گئے اور زندگی کا ہر لمحہ خدمت دین کے لئے وقف کر دیا۔ حج بیت اللہ سے مشرف ہوئے آخر عمر میں کتاب اللہ حفظ کی، مامور زمانہ کے انقلاب انگیز لٹریچر کے انڈیکس مرتب کئے۔ شدھی کے خلاف دعوت الی اللہ کے جہاد میں زور شور سے حصہ لیا۔ اس کے ساتھ ساتھ مرکزی نظام جماعت کی ترقی و بہبود میں دن رات ایک کر دیا ہے پہلے صدر انجمن احمدیہ کے مشیر قانونی، ممبر مجلس معتمدین، صدر مجلس، ناظر خاص، سیکرٹری بہشتی مقبرہ کے طور پر اپنی تمام تر صلاحیتوں اور استعدادوں کے طور پر اپنی جان تک کی بازی لگا دی اور بستر علالت اور بیماریوں کے ہجوم میں بھی اولوالعزمی کے حیرت انگیز معیار قائم کر دکھائے اور آخر میں تادم واپسیں اولین ناظر اعلیٰ کے منصب پر سرفراز رہے اور جس جانفشانی، اولوالعزمی اور فرض شناسی کے ساتھ ہجرت سے قبل سیالکوٹ میں ضلع کی جماعتوں کو قابل تعریف حد تک منظّم کرنے میں کامیاب ہوئے اس سے بڑھ کر صدر انجمن احمدیہ کے نظام عمل اور اس کے ملک گیر نفاذ میں زندگی کی نئی روح پھونک دی۔ سیدنا حضرت مصلح موعود کی یہ یادگار تحریر آج تک آپ کے لوح مزار بہشتی مقبرہ قادیان میں محفوظ ہے کہ:۔

نہایت شریف الطبع، سنجیدہ مزاج، مخلص انسان تھے۔ بہت جلد جلد اخلاص میں ترقی کی۔ بڑی عمر میں قرآن کریم حفظ کیا۔ آخر میری تحریک پر وکالت کا پیشہ جس میں آپ بہت کامیاب تھے، ترک کر کے دین کے کاموں کے لئے بقیہ زندگی وقف کی اور اعلیٰ اخلاص کے ساتھ جس میں خداتعالیٰ کے فضل سے ہمیشہ ترقی ہوتی گئی۔ قادیان آ بیٹھے۔ اسی دوران میں حج بھی کیا۔ میں نے انہیں ناظر اعلیٰ کا کام سپرد کیا تھا۔ جسے انہوں نے نہایت محنت اور اخلاص سے پورا کیا۔ اللہ تعالیٰ کی رضاء کے ساتھ میری خوشنودی اور احمدی بھائیوں کا فائدہ اور ترقی کو ہمیشہ مدنظر رکھا۔ ساتھ کام کرنے کی وجہ سے میں نے دیکھا کہ نگاہ دوربین تھی۔ باریک اشاروں کو سمجھتے اور نیک نیتی کے ساتھ کام کرتے کہ میرا دل محبت اور قدر کے جذبات سے بھر جاتا تھا اور آج تک ان کی یاد دل کو گرما دیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ان کے مدارج کو بلند کرے اور ان کی اولاد کو اسی رنگ میں ترقی کرنے اور آگے بڑھنے کی توفیق دے اور ایسے لوگوں کے نقش قدم پر چلنے والے لوگ کثرت سے ہمارے سلسلہ میں پیدا ہوتے رہیں"۔

(رفقاء احمد جلد 11 صفحہ 166-167)

آج جبکہ تحریک احمدیت اپنے آسمانی قافلہ سالار سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کی قیادت میں برق رفتاری سے اپنی منزل مراد کی طرف ہر لمحہ قریب سے قریب تر آ رہی ہے اور خدائی نوشتوں کے مطابق ہر طرف عروج ہی عروج ہونے کے مناظر کا آغاز ہو چکا ہے حضرت چوہدری محمد نصراللہ خاں صاحب جیسے سینکڑوں نہیں ہزاروں لاکھوں انصار دیں کی ضرورت ہے جو فانی فی الخلافت بھی ہوں اور نگاہ دوربین رکھنے والے بھی ہوں کیوں کہ

احمدیت کا اولیں اصول
ترک دنیا ہے دیں کی خدمت ہے

(حضرت سید میر محمد اسمٰعیل)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم مسعود احمد صاحب دہلوی سابق ایڈیٹر روزنامہ الفضل تحریر کرتے ہیں۔

محترمہ ذاکرہ خاتون صاحبہ بنت محترم محمد یحییٰ خان صاحب شملوی بتاریخ 26 دسمبر 2007ء کو صبح 8 بجے اپنے فرزند اکبر محترم خالد محمود صاحب ریٹائرڈ مینیجر سٹیٹ لائف انشورنش کارپوریشن کے گھر پشاور میں بعمر 82 سال وفات پا گئیں آپ سابق جماعت احمدیہ پشاور محترم میاں محمود احمد خان صاحب مرحوم ابن حضرت محمد حسن صاحب آسان دہلوی کی اہلیہ تھیں۔ دونوں میاں بیوی حضرت مسیح موعود کے قدیمی رفیق حضرت مولوی محمود حسن خاں صاحب یکے از 313 کے پوتا اور پوتی تھے۔

مرحومہ موصیہ تھیں لہٰذا ان کا جنازہ 27 دسمبر کو ان کے دو فرزندان محترم خالد محمود صاحب اور مکرم منصور محمود صاحب پشاور سے ربوہ لائے۔ کراچی میں مقیم ان کے دو فرزندان محترم طارق محمود صاحب انجینئر سٹیل ملز اور محترم طلحہ محمود صاحب نیز دور ونزدیک سے رشتہ داروں کے ربوہ پہنچنے پر محترم ریاض محمود باجوہ صاحب مربی سلسلہ شعبہ تاریخ احمدیت نے بیت المبارک میں بعد نماز مغرب ان کی نماز جنازہ پڑھائی بعد ازاں جنازہ تدفین کے لئے مقبرہ بہشتی لے جایا گیا نماز جنازہ اور تدفین میں مقامی احباب کثیر تعداد میں شریک ہوئے۔ قبر تیار ہونے پر خاکسار نے دعا کرائی۔ مرحومہ بہت نیک، صوم وصلوٰۃ کی پابند، سادہ مزاج خوش اخلاق اور سب کی بہی خواہ خاتون تھیں احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے جنت الفردوس میں درجات بلند فرمائے اور ان کے فرزندان، برادران اور دیگر لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے اور ان کا دین و دنیا میں حافظ و ناصر ہو۔ آمین

سانحہ ارتحال

مکرم مظہر احمد صاحب بھٹی قائد مجلس باغبانپورہ لاہور تحریر کرتے ہیں۔

مکرم عبدالمنان بھٹی صاحب ولد مکرم میاں عبدالرحمان صاحب سابق صدر حلقہ باغبانپورہ لاہور مورخہ 5 جنوری 2008ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ ان کی نماز جنازہ اسی روز بعد نماز ظہر بیت الذکر شالامار ٹاؤن میں مکرم مرزا ناصر محمود صاحب مربی ضلع لاہور نے پڑھائی مورخہ 7 جنوری کو تدفین احمدیہ قبرستان ہانڈو گجر میں عمل میں آئی۔ قبر تیار ہونے پر مکرم اسلام احمد شمس صاحب مربی سلسلہ حلقہ باغبانپورہ لاہور نے دعا کروائی۔ مرحوم مکرم منور احمد قیصر صاحب اور مکرم ظفر محمود احمد ظفر صاحب صدر حلقہ باغبانپورہ لاہور کے بڑے بھائی تھے۔ مرحوم نے پسماندگان میں ہماری والدہ صاحبہ 4 بیٹے اور ایک بیٹی سوگوار چھوڑے ہیں۔ احباب کرام سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

کامیابی

(گرلز سکول نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ)

محض خداتعالیٰ کے فضل واحسان سے گرلز سکول نصرت جہاں اکیڈمی نے سالانہ سپورٹس میں فیصل آباد بورڈ میں سائیکل ریس میں 2nd پوزیشن حاصل کی ہے۔ یہ اعزاز حاصل کرنے والی طالبات درج ذیل ہیں۔

1۔ نوال ناصر 8th
2۔ صعالبیہ شاہین 9th
3۔ سجیلہ صدیق 9th
4۔ صبا مبشر O,1

نیز ان میں سے نوال ناصر بنت مکرم ناصر حیات ملک صاحب کی سلیکشن ڈویژن لیول پر کی گئی ہے۔ احباب کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ان بچیوں اور دیگر تمام طالبات کو مزید کامیابیوں سے نوازے اور سکول کا نام روشن کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(پرنسپل گرلز سکول نصرت جہاں اکیڈمی۔ ربوہ)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

ماہرین علوم پیدا کرنے کے لئے حضرت مصلح موعود کی تحریکات

گاؤں گاؤں ہمارے علماء اور مفتی ہوں۔ ہم میں سینکڑوں مفسر، سینکڑوں محدث اور سینکڑوں فقیہ ہونے چاہئیں

عبدالسمیع خان

ایک تیزی سے بڑھتی ہوئی علمی جماعت کو ہر قسم کے کارکنان اور خدمت گاروں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس لئے سیدنا حضرت مصلح موعود نے نہ صرف عمومی وقف زندگی کی تحریکات فرمائیں بلکہ علماء اور ماہرین تیار کرنے کی ضرورت کو محسوس کیا اور اس کی خاطر ٹھوس قدم اٹھائے۔

گاؤں گاؤں مفتی ہوں

چنانچہ آغاز خلافت میں ہی آپ نے واعظوں اور معلموں کی ضرورت کا ذکر کرتے ہوئے علماء اور مفتیان تیار کرنے کی تحریک فرمائی۔ چنانچہ آپ نے 12 اپریل 1914ء کو مجلس شوریٰ میں فرمایا:۔

''جب ہم چاہتے ہیں کہ دنیا کے ہر گوشہ اور ہر قوم اور ہر زبان میں ہماری (دعوت الی اللہ) ہو تو دوسرا سوال جو قدرتاً پیدا ہوتا ہے یہ ہوگا کہ (دعوت الی اللہ) کے لئے (مربی) کہاں سے آویں؟ یہ وہ سوال ہے جس نے ہمیشہ میرے دل کو دکھ میں رکھا ہے خود حضرت مسیح موعود بھی یہ تڑپ رکھتے تھے کہ اخلاص کے ساتھ (دعوت الی اللہ) کرنے والے ملیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح کی بھی یہ آرزو رہی۔ اسی خواہش نے اسی جگہ اسی (بیت الذکر) میں مدرسہ احمدیہ کی بنیاد مجھ سے رکھوائی اور اسی (بیت الذکر) میں بڑے زور سے اس کی مخالفت کی گئی۔ لیکن میری کوئی ذاتی خواہش اور غرض نہ تھی محض اعلائے سلسلہ کی غرض سے میں نے یہ تحریک کی تھی باوجودیکہ بڑے بڑے آدمیوں نے مخالفت کی۔ آخر اللہ تعالیٰ نے اس مدرسہ کو قائم کر ہی دیا۔ اس وقت سمجھنے والوں نے نہ سمجھا کہ اس مدرسہ کی کس قدر ضرورت ہے اور مخالفت میں حصہ لیا۔ میں دیکھتا تھا کہ علماء کے قائم مقام پیدا نہیں ہوتے۔ میرے دوستو! یہ معمولی مصیبت اور دکھ نہیں ہے کیا تم چاہتے ہو۔ ہاں کیا تم چاہتے ہو کہ فتویٰ پوچھنے کے لئے تم ندوہ اور دوسرے غیر احمدی مدرسوں یا علماء سے سوال کرتے پھرو۔ جو تم پر کفر کے فتوے دے رہے ہیں؟ دینی علوم کے بغیر قوم مردہ ہوتی ہے پس اس خیال کو مدنظر رکھ کر باوجود پر جوش مخالفت کے میں نے مدرسہ احمدیہ کی تحریک کو اٹھایا اور خدا کا فضل ہے کہ وہ مدرسہ دن بدن ترقی کر رہا ہے۔ لیکن ہمیں تو اس وقت واعظ اور معلموں کی ضرورت ہے مدرسہ سے تعلیم یافتہ نکلیں گے اور انشاء اللہ وہ مفید ثابت ہوں گے مگر ضرورتیں ایسی ہیں کہ ابھی ملیں۔ میرا اپنا دل تو چاہتا ہے کہ گاؤں گاؤں ہمارے علماء اور مفتی ہوں۔ جن کے ذریعہ علوم دینیہ کی تعلیم و تدریس کا سلسلہ جاری ہو اور کوئی بھی احمدی باقی نہ رہے جو پڑھا لکھا نہ ہو اور علوم دینی سے واقف نہ ہو۔ میرے دل میں اس غرض کے لئے بھی عجیب عجیب تجویزیں ہیں جو خدا چاہے گا تو پوری ہو جائیں گی۔

غرض یہ ضروری سوال ہے کہ مربی کہاں سے آویں؟ اور پھر چونکہ ہم چاہتے ہیں کہ ہر قوم اور ہر زبان میں ہماری (دعوت الی اللہ) ہو اس لئے ضرورت ہے کہ مختلف زبانیں سکھائی جاویں۔ حضرت خلیفۃ المسیح کی زندگی میں میں نے ارادہ کیا تھا کہ بعض ایسے طالب علم ملیں جو سنسکرت پڑھیں اور پھر وہ ہندوؤں کے گاؤں میں جا کر کوئی مدرسہ کھول دیں۔ اور تعلیم کے ساتھ (دعوت الی اللہ) کا سلسلہ بھی رکھیں اور ایک عرصہ تک وہاں رہیں جب (دین) کا بیج بویا جائے تو مدرسہ کسی شاگرد کے سپرد کر کے آپ دوسری جگہ جا کر کام کریں۔ غرض جس رنگ میں (دعوت الی اللہ) آسانی سے ہو سکے، کریں۔

(منصب خلافت۔ انوار العلوم جلد 2 ص 39)

چنانچہ حضور کے ارشاد پر بہت سی تعلیمی و تربیتی کلاسز کا انعقاد ہونا شروع ہوگیا۔

مختلف مذاہب کے ماہرین

اس سلسلہ کو بڑھاتے ہوئے حضرت مصلح موعود نے بعض جوانوں کو خاص خاص مذاہب کی ریسرچ کے لئے ارشاد فرمایا۔ مثلاً ہندو مذہب کے لئے مہاشہ ملک فضل حسین صاحب۔ سکھ مذہب کے لئے چوہدری عبدالسلام صاحب کاٹھ گڑھی۔ مولوی رحمت علی صاحب (مربی انڈونیشیا)، شیخ محمود احمد صاحب عرفانی اور عیسائی مذہب کی تحقیق کے لئے شیخ (حکیم) فضل الرحمٰن صاحب مقرر ہوئے۔ ان حضرات میں سے مولوی رحمت علی صاحب اور شیخ فضل الرحمٰن صاحب اور شیخ محمود احمد صاحب عرفانی نے آگے چل کر بالترتیب انڈونیشیا، افریقہ اور مصر میں سلسلہ کی اشاعت کے لئے بڑی قابل قدر خدمات سرانجام دیں اور ملک فضل حسین صاحب نے اندرون ملک میں ہندو مذہب کے حوالہ سے شاندار لٹریچر پیدا کیا۔ چوہدری عبدالسلام صاحب کاٹھ گڑھی نے تحریک شدھی ملکانہ میں سرگرم حصہ لیا۔ (تاریخ احمدیت جلد 4 ص 223)

سینکڑوں مفسر اور محدث

1944ء میں حضرت میر محمد اسحٰق صاحب کی المناک وفات کے ساتھ ہی اللہ تعالیٰ نے سیدنا المصلح الموعود کی توجہ اس طرف مبذول فرمائی کہ جماعت میں جلد سے جلد علماء اور علوم اسلامیہ کے ماہرین پیدا کرنے ضروری ہیں تا پہلے بزرگوں کے قائم مقام ہو سکیں اور جماعت کے لئے من حیث الجماعت اپنے علمی مقام سے گرنے کا امکان باقی نہ رہے۔ چنانچہ حضور نے مجلس مشاورت 1944ء کے دوران فرمایا:۔

''خدا تعالیٰ کی مشیت پوری ہوئی اور میر صاحب وفات پا گئے۔ ان کے انتقال سے جماعت کو اس لحاظ سے شدید صدمہ پہنچا ہے کہ وہ سلسلہ کے لئے ایک نہایت مفید وجود تھے۔ مگر یاد رکھو مومن بہادر ہوتا ہے اور بہادر انسان کا یہ کام نہیں ہوتا کہ جب کوئی ابتلاء آئے تو وہ رونے لگ جائے یا اس پر افسوس کرنے بیٹھ جائے...... تم کیوں اپنے آپ کو اس حالت میں تبدیل نہیں کر لیتے کہ جب کوئی شخص مشیت ایزدی کے ماتحت فوت ہو جائے تو تمہیں ذرا بھی یہ فکر محسوس نہ ہو کہ اب سلسلہ کا کام کس طرح چلے گا بلکہ تم میں سینکڑوں لوگ اس جیسا کام کرنے والے موجود ہوں ......ہماری جماعت اگر روحانی طور پر نہایت مالدار بن جائے تو اسے کسی شخص کی موت پر کوئی گھبراہٹ لاحق نہیں ہو سکتی۔ تم اپنے آپ کو روحانی لحاظ سے مالدار بنانے کی کوشش کرو۔ تم میں سینکڑوں فقیہہ ہونے چاہئیں۔ تم میں سینکڑوں محدث ہونے چاہئیں، تم میں سینکڑوں مفسر ہونے چاہئیں، تم میں سینکڑوں علم کلام کے ماہر ہونے چاہئیں۔ تم میں سینکڑوں علم اخلاق کے ماہر ہونے چاہئیں۔ تم میں سینکڑوں علم تصوف کے ماہر ہونے چاہئیں۔ تم میں سینکڑوں منطق اور فلسفہ اور فقہ اور لغت کے ماہر ہونے چاہئیں۔ تم میں سینکڑوں دنیا کے ہر علم کے ماہر ہونے چاہئیں تا کہ جب ان سینکڑوں میں سے کوئی شخص فوت ہو جائے تو تمہارے پاس ہر علم اور ہر فن کے 499 عالم موجود ہوں اور تمہاری توجہ اس طرف پھرنے ہی نہ پائے کہ اب کیا ہوگا جو چیز ہر جگہ اور ہر زمانہ میں مل سکتی ہو اس کے کسی حصہ کے ضائع ہونے پر انسان کو صدمہ نہیں ہوتا۔ کیونکہ وہ جانتا ہے کہ ایسی سینکڑوں چیزیں میرے پاس موجود ہیں۔ اسی طرح اگر ہم میں سے ہر شخص علوم و فنون کا ماہر ہو تو کسی کو خیال بھی نہیں آ سکتا کہ فلاں عالم تو مر گیا۔ اب کیا ہوگا۔ یہ خیال اسی وجہ سے پیدا ہوتا ہے کہ ہم اپنے وجودوں کو نادر بننے دیتے ہیں اور ان جیسے سینکڑوں نہیں ہزاروں وجود اور پیدا کرنے کی کوشش نہیں کرتے۔ اگر ان کے نادر ہونے کا احساس جاتا رہے جس کی سوائے اس کے اور کوئی صورت نہیں ہو سکتی کہ ان کے قائم مقام ہزاروں کی تعداد میں ہمارے اندر موجود ہوں تو کبھی بھی جماعت کو یہ خیال پیدا نہ ہو کہ فلاں شخص تو فوت ہو گیا۔ اب کیا ہوگا؟ دیکھو۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ فاستبقوا الخیرات۔ تم نیکی کے میدان میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرو۔ اگر ہم قرآن کریم کے اس حکم کے مطابق یہ اشتیاق رکھتے کہ ہم دوسروں سے آگے بڑھ کر رہیں۔ اگر ہم میں سے ہر شخص اشتیاق کی روح کو اپنے اندر قائم رکھتا تو آج ہم میں سے ہر شخص بڑے سے بڑا محدث ہوتا۔ بڑے سے بڑا مفسر قرآن ہوتا۔ بڑے سے بڑا عالم دین ہوتا اور کسی کے دل میں یہ احساس تک پیدا نہ ہوتا کہ اب جماعت کا کیا بنے گا؟ ...... ہمارے لئے یہ خطرہ کی بات نہیں ہے کہ حضرت خلیفہ اول بہت بڑے عالم تھے جو فوت ہو گئے یا مولوی عبدالکریم صاحب بہت بڑے عالم تھے جو فوت ہو گئے یا مولوی برہان الدین صاحب بہت بڑے عالم تھے جو فوت ہو گئے یا حافظ روشن علی صاحب بہت بڑے عالم تھے جو فوت ہو گئے یا قاضی امیر حسین بہت بڑے عالم تھے جو فوت ہو گئے یا میر محمد اسحٰق صاحب بہت بڑے عالم تھے جو فوت ہو گئے۔ بلکہ ہمارے لئے خطرہ کی بات یہ ہے کہ جماعت کسی وقت بحیثیت جماعت مر جائے اور ایک عالم کی جگہ دوسرا عالم ہمیں اپنی جماعت میں دکھائی نہ دے''۔

(رپورٹ مجلس مشاورت 1944ء ص 174 تا 178)

اس سلسلہ میں حضور نے عملی طور پر بھی کئی اہم اقدامات اٹھائے۔

خصوصی تعلیم کے لئے واقفین کا انتخاب

یکم فروری 1945ء کو حضور نے دارالواقفین کے تمام ممبران کو قصر خلافت میں شرف باریابی بخشا۔ ازاں بعد حضور نے 22 واقفین کو بیرونی ممالک میں بھجوانے اور 9 واقفین کو تفسیر، حدیث، فقہ اور فلسفہ و منطق کی اعلیٰ تعلیم دلانے کے لئے منتخب فرمایا تا وہ سلسلہ کے بزرگ علماء کے قائم مقام بن سکیں۔

حصول تعلیم خاص کے لئے مندرجہ ذیل واقفین منتخب کئے گئے۔

مولوی نورالحق صاحب (تفسیر)۔ ملک سیف الرحمٰن صاحب (فقہ)۔ مولوی محمد صدیق صاحب (حدیث)۔ مولوی محمد احمد صاحب جلیل (حدیث)۔ مولوی محمد احمد صاحب ثاقب (فقہ)۔ مولوی غلام باری صاحب سیف (حدیث)۔ حکیم محمد اسماعیل صاحب (منطق و فلسفہ)۔ حافظ بشیر الدین عبیداللہ صاحب (تفسیر)۔ ملک مبارک احمد صاحب (منطق و فلسفہ)

ازاں بعد مولوی خورشید احمد صاحب شاد بھی اس زمرہ میں شامل کر لئے گئے اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے آپ کو حدیث شریف کی خصوصی تعلیم کا ارشاد فرمایا۔

مندرجہ بالا واقفین مئی 1947ء میں فارغ التحصیل ہوئے جس کا ذکر خود حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے 6 جون 1947ء کے خطبہ جمعہ میں کیا۔ چنانچہ فرمایا:۔

''مجھے کئی سال سے یہ فکر تھا کہ جماعت کے

پرانے علماء اب ختم ہوتے جا رہے ہیں۔ ایسا نہ ہو کہ جماعت کو یکدم مصیبت کا سامنا کرنا پڑے اور جماعت کا علمی معیار قائم رہ نہ سکے۔ چنانچہ اس کے لئے میں نے آج سے تین چار سال قبل نئے علماء کی تیاری شروع کر دی تھی۔ کچھ نوجوان تو میں نے مولوی صاحب (یعنی حضرت مولانا سید محمد سرور شاہ صاحب۔ ناقل) سے تعلیم حاصل کرنے کے لئے مولوی صاحب کے ساتھ لگا دیئے اور کچھ باہر بھجوا دیئے تا کہ وہ دیوبند وغیرہ کے علماء سے ظاہری علوم سیکھ آئیں۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی مشیت اور قدرت کی بات ہے کہ ان علماء کو واپس آئے صرف ایک ہفتہ ہوا ہے۔ جب وہ واپس آ گئے تو مولوی صاحب فوت ہو گئے''۔

(الفضل 11 جون 1947ء ص5)

حضرت اقدس نے مرکز میں ان واقفین کو واپسی پر ان کو دوسرے واقفین کے پڑھانے پر مقرر فرما دیا۔

ان علماء نے ایک لمبا عرصہ مختلف میدانوں میں جماعت کی بھرپور خدمت کی ہے اور اب ان کے شاگردوں کے ذریعہ یہ سلسلہ جاری ہے۔

تحقیق کی دعوت اور تربیت

حضرت مصلح موعود نے خدام کو مسلسل مطالعہ اور تحقیق کی دعوت دیتے ہوئے 27 جنوری 1956ء کو فرمایا:۔

''تم علوم کی طرف توجہ کرو اور دنیا کے سامنے نئی چیزیں پیش کرو اور یاد رکھو کہ زمانہ کی نئی رو اور نئی ضرورتوں کے ساتھ تعلق رکھنا نہایت ضروری ہے۔ حضرت مسیح موعود کو دیکھ لو، آپ نے باقاعدہ تعلیم حاصل نہیں کی تھی لیکن آپ کی کتب کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے جس قدر انکشافات فرمائے ہیں۔ وہ دنیا کی نئی رو اور ضروریات کے مطابق ہیں۔ پس تم بھی زمانہ کی رو اور ضرورت کو ملحوظ رکھو اور یورپین مصنفین کی کتب کا مطالعہ کرو اور دیکھو کہ ان کے دماغ کس طرف جا رہے رہیں۔ اگر تم نے اس طرح کام کرنا شروع کر دیا تو تم دیکھو گے کہ خدا تعالیٰ تمہارے کاموں میں کس طرح برکت ڈالتا ہے اور سلسلہ کا کام کس طرح چلتا ہے لیکن یاد رکھو تمہاری کتابیں حقیقی طور اس وقت مفید کہلائیں گی جب خود عیسائی مصنفین یہ لکھیں کہ ہمیں اس وقت جو مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ ان کا حل ہمیں انہی کتابوں میں ملا ہے''۔

(الفضل 11 فروری 1956ء)

اشاعت علوم کی روایت

حضرت مصلح موعود نے 27 جنوری 1956ء کو احمدی نوجوانوں سے فرمایا:۔

''میں نوجوانوں سے کہتا ہوں کہ وہ جماعت میں اشاعت علوم کی روایت کو قائم رکھیں اور سوچیں کہ ہماری کمزوری دور کرنے کے کیا ذرائع ہیں اور ایسی سکیمیں تیار کریں جن پر عمل پیرا ہو کر جماعت کے کاموں کو ترقی دی جا سکتی ہو۔ کل کو وہ بھی بڑے بننے والے ہیں۔ اگر آج ان کا استاد پچاس سال کا ہے اور وہ تیس سال کے نوجوان ہیں تو بیس سال گزرنے کے بعد وہ بھی پچاس سال کے ہو جائیں گے اور ان کے کندھوں پر بھی جماعت کا بوجھ آ پڑے گا۔ اگر آج سے انہوں نے اس کام کے لئے تیاری شروع نہ کی تو پچاس سال کی عمر میں ان کے دل بھی ویسے ہی کڑھیں گے جیسے اب میرا دل کڑھ رہا ہے۔ پھر اس کام کے لئے دنیوی تدابیر اور دعاؤں کی بھی ضرورت ہے اس کی طرف بھی تمہیں توجہ کرنی چاہئے۔ حضرت مسیح موعود کو اللہ تعالیٰ نے ایک دفعہ الہاماً فرمایا کہ ''اگر تمام لوگ منہ پھیر لیں تو میں زمین کے نیچے سے یا آسمان کے اوپر سے مدد کر سکتا ہوں''۔ (تذکرہ ص17 ایڈیشن دوئم)

مگر یہ مدد دعا کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتی۔ اگر تم بھی دعائیں کرو اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے خواب یا الہام کے ذریعہ تمہیں اطمینان دلایا جائے تو تم کامیاب ہو گئے تو تمہارے دل کتنے خوش ہوں گے''۔

(مشعل راہ جلد اول ص752)

نوجوان علماء کو ہدایات

حضور نے نوجوان علماء کی ہر رنگ میں تربیت بھی فرمائی اور انہیں استنباط اور اجتہاد کے درست راستوں سے بھی آگاہ فرمایا۔

مثلاً ایک ممتاز عالم سلسلہ نے ایک مضمون لکھا جس کا نتیجہ حضرت مسیح موعود کے مسلک کے خلاف تھا۔ اس پر حضور نے نوجوان علماء کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا۔

''(رفقاء مسیح موعود) کی موجودگی میں نئے علماء کو یہ ہرگز کوئی حق نہیں کہ وہ اپنی طرف سے استنباط اور اجتہاد کریں۔ اگر دنیا نے اپنے استنباط اور اجتہاد سے یہ کام لینا تھا تو کسی (مامور) کے آنے کی کیا ضرورت تھی۔ یہ ہمارا حق ہے کہ اگر کوئی اختلاف ہو تو ہم اس کو نپٹائیں اور صحیح طریق جماعت کے سامنے پیش کریں اور نئے علماء کا بھی یہ فرض ہے کہ جب کوئی اختلافی مسئلہ سامنے آ جائے تو وہ اسے مجلس (رفقاء) کے سامنے پیش کریں۔ بیشک وہ خود اس امر کا اختیار نہیں رکھتے کہ (رفقاء) کی ایک مجلس قائم کریں مگر وہ سلسلہ کی وساطت سے ایسا کر سکتے ہیں۔ ان کا فرض ہے کہ وہ اختلافی مسئلہ میرے سامنے رکھیں۔ اگر میں اس کے متعلق ضرورت سمجھوں گا تو خود بخود (رفقاء) کو جمع کر لوں گا اور اس طرح جو بات طے ہو گی وہ حضرت مسیح موعود کے منشاء کے عین مطابق ہو گی۔ اگر ہم یہ طریق اختیار کریں تو آئندہ کے لئے بالکل امن ہو جائے گا اور کوئی ایسا اختلاف پیدا نہیں ہو گا جو جماعت کی گمراہی کا موجب ہو۔ لیکن اگر ہر شخص اپنے طور پر ایسے مسائل پر رائے زنی کرنا شروع کر دے۔ جن کے متعلق حضرت مسیح موعود کے کھلے حوالے موجود ہوں اور ایسا استدلال پیش کرے جو ان کو رد کرتا ہو تو آئندہ نسلوں کے لئے بڑی مشکل پیش آئے گی اور وہ حیران ہوں گی کہ ہم کون سا مسلک اختیار کریں۔ لیکن اگر نئے مسائل یا اختلافی مسائل ہمارے سامنے پیش کئے جائیں اور ہم اس بارہ میں اپنا فیصلہ نافذ کریں تو اگلے لوگ بہت سی گمراہیوں سے بچ جائیں گے۔ کیونکہ ان کے سامنے وہ فیصلے ہوں گے جو (رفقاء) حضرت مسیح موعود کے متفقہ ہوں گے یا ایسے فیصلے ہوں گے جن پر (رفقاء) حضرت مسیح موعود کی اکثریت کا اتفاق ہو گا۔ اگر حضرت مسیح موعود کی کتابوں سے کوئی مسئلہ صاف ہو جائے تو پھر (رفقاء) کے فیصلوں کی ضرورت نہیں۔ لیکن اگر کتابوں میں کوئی بات وضاحت سے نہ ملے یا اختلاف ہو جائے تو پھر حضرت مسیح موعود کے (رفقاء) کی روایات اور ان کے ان تاثرات کو دیکھنا پڑے گا جو وہ حضرت مسیح موعود کے زمانہ سے رکھتے چلے آ رہے ہیں......

پس یاد رکھو کہ حضرت مسیح موعود حکم، عدل ہیں اور آپ کے فیصلوں کے خلاف ایک لفظ کہنا بھی کسی صورت میں جائز نہیں۔ ہم آپ کے بتائے ہوئے معارف کو قائم رکھتے ہوئے قرآن کریم کی آیات کے دوسرے معانی کر سکتے ہیں۔ مگر اسی صورت میں کہ ان میں اور ہمارے معانی میں تناقض نہ ہو''۔

(الفضل 3 ستمبر 1938ء)

ہر فن کے مقابلہ کی مہارت

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں کہ:۔

''تمہیں چاہئے کہ تم دینی علوم کے ساتھ ساتھ دنیوی علوم کے بھی ماہر ہو اور ہر فن میں دوسروں سے آگے نکلنے کی کوشش کرو۔ ایک دفعہ حضرت مولوی غلام رسول صاحب راجیکی کسی مباحثہ میں گئے۔ وہاں لوگوں نے تمسخر اور استہزاء شروع کر دیا۔ آخر مولوی صاحب کھڑے ہو گئے اور انہوں نے کہا ہنسی اور ٹھٹھے کی کیا ضرورت ہے۔ تمہارا مولوی اگر قرآن کے علم میں مقابلہ کرنا چاہتا ہے تو کر لے۔ حدیث میں مقابلہ کرنا چاہتا ہے تو کر لے۔ فقہ میں مقابلہ کرنا چاہے تو کر لے۔ عربی فارسی اور اردو کی تقریر میں مقابلہ کرنا چاہے تو کر لے اور اگر شعر اور ڈھولے بولنا چاہے تو بولے اور اگر اسے اپنی طاقت پر ناز ہے تو میرے ساتھ بینی پکڑ لے۔ اس پر وہ سب خاموش ہو گئے۔ پس دنیا میں ہر فن کے مقابلہ کی مہارت ہونی چاہئے۔ جب تک تم میں ہر قسم کے فنون کے ماہر نہ ہوں تم دوسروں کا کس طرح مقابلہ کر سکو گے۔ پس اپنی ہمتوں کو بلند کرو اور اگر ایک منٹ بھی تمہارا ضائع ہو جائے تو سمجھو کہ موت آ گئی۔ ہر روز رات کو سونے سے پیشتر سوچو کہ دن میں تم نے کتنا کام کیا۔ اگر تم روزانہ اپنے اعمال کا محاسبہ کرو گے تو تمہارے اندر احساس پیدا ہو گا اور اس وقت تمہارا وجود سلسلہ کے لئے مفید ہو گا ورنہ جیسے ہمالیہ پہاڑ کو بوٹ سے ٹھڈے لگانے والا پاگل ہے تم بھی پاگل سمجھے جاؤ گے بلکہ سچ تو یہ ہے کہ تمہارا کام ہمالیہ پہاڑ سے بھی بڑا ہے۔ اگر تم پاگل نہیں کہلوانا چاہتے تو محنت اور قربانی کی عادت ڈالو''۔

(الفضل 16 مئی 1961ء)

☆......☆......☆

جلدی سونے اور جلدی اٹھنے کے فائدے

آجکل ہمارے ہاں رات کو دیر تک جاگنے اور صبح کے وقت دیر سے اٹھنے کی عادت لوگوں میں عام ہے۔ حالانکہ اگر ہم جلدی سونے اور جلدی اٹھنے کی عادت بنا لیں تو یقین کریں کہ ہم نہ صرف تازہ دم رہیں گے بلکہ ہماری یادداشت میں بھی اضافہ ہو گا۔ صبح جلدی اٹھنے کی وجہ سے فجر کی نماز پڑھنے کا بھی موقع ملے گا۔ اس سے روزمرہ کے کاموں میں برکت پڑے گی اور اگر آپ طالب علم ہیں تو پھر آپ کے پاس اپنے سبق کو دہرانے کا بھی وقت ہو گا۔ یاد رکھیں کہ صبح کے وقت یاد کیا ہوا سبق انسان کبھی نہیں بھولتا۔ جدید تحقیق نے بھی اس بات کو ثابت کیا ہے کہ رات کو جلدی سونے اور صبح جلدی اٹھنے والے لوگوں کے ذہن ان لوگوں کی نسبت بہتر کام کرتے ہیں۔ جو رات کو دیر تک جاگتے ہیں اور صبح دیر سے اٹھتے ہیں۔ اس لئے اگر ہم نے اپنی یادداشت بہتر بنانی ہے اور فریش رہنا ہے اور صبح نماز کی صورت میں خدا کے حضور حاضری دینی ہے تو ہمیں رات کو جلدی سونے اور صبح جلدی اٹھنے کی عادت اپنانی ہو گی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں حفظان صحت کے اصولوں پر چلنے کی توفیق دے۔ آمین

(بقیہ صفحہ 4)

دستگیر صاحب سابق امیر جماعت ہائے فیصل آباد، چودھری فیض احمد صاحب محلّہ کریم نگر فیصل آباد اور چودھری عنایت احمد صاحب کینیڈا بھی آپ کی زندگی میں فوت ہوئے۔ ان تمام بہن بھائیوں کی وفات کو بھی نہایت حوصلہ اور ہمت سے برداشت کیا۔ اللہ تعالیٰ ان سب کے درجات بلند کرے اور ان کی نسلوں کو ہر نعمت سے نوازے۔ آمین۔ یہ سب بہن بھائی اپنے اپنے رنگ میں خدمت دین میں مستعد رہے اور اب ان کی اولادیں بھی کسی نہ کسی واسطہ سے خدمت دین بجا لا رہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی خدمات کو قبول فرمائے اور دین و دنیا کی نعمتوں سے نوازے۔ آمین

آپ کے نواسوں میں سے خدمت دین پر کمربستہ تین معروف نام ہیں۔ چودھری منیر احمد جاوید صاحب جو حال ہی میں مینیجر سٹیٹ لائف کارپوریشن کے عہدہ سے ریٹائر ہوئے ہیں۔ مختلف جماعتی عہدوں پر خدمات بجا لا کر آجکل صدر جماعت حلقہ بھاٹی گیٹ لاہور ہیں۔ حافظ فضل ربی صاحب جامعہ احمدیہ لندن میں استاد ہیں نیز ان کے چھوٹے بھائی حافظ نوید ربی صاحب مربی سلسلہ بھی حال ہی میں جامعہ احمدیہ ربوہ میں تعینات ہوئے ہیں ان کی والدہ عزیزہ امۃ الحئی صاحبہ ان دنوں نائبہ صدر لجنہ اماء اللہ دارالیمن شرقی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو نیز ان کی اولادوں کو بھی مقبول خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

مکرم محمد نصر اللہ خان صاحب

محترمہ حشمت بی بی صاحبہ۔ میری والدہ مرحومہ

والدہ مرحومہ کے والد کا نام غلام علی خاں تھا اور دیوانی والی تحصیل بٹالہ کی رہائشی تھیں۔ ان کی والدہ ماجدہ کا نام دولت بی بی تھا جو بہشتی مقبرہ ربوہ میں آسودہ خاک ہیں۔ آپ اپنے والدین کی بڑی اولاد تھیں۔ آپ کے بھائیوں اور بہنوں نے اپنے اپنے طور پر خدمت دین کی سعادت پائی مگر بھائیوں میں سے چودھری غلام دستگیر صاحب مرحوم سابق امیر ضلع فیصل آباد اور بہنوں میں سعیدہ بیگم صاحبہ نے نمایاں مقام پایا۔ اول الذکر خادم سے امارت تک پہنچے اور آخر الذکر نے بطور صدر لجنہ اماء اللہ بیس سال سے زائد خدمت کی۔ آپ کے والد صاحب ایک ماہر استاد تھے۔ کچھ زیادہ لمبی عمر نہ پائی۔ سلسلہ سے تعلق نہیں تھا۔ لیکن جماعت کی خوبیوں کے مداح تھے۔ ڈاکٹر حضرت میر محمد اسمٰعیل صاحب کے زیر علاج بھی رہے۔ اپنے بڑے بھائی کو اپنی بیماری (برین ٹیومر) کے دوران کہا کہ اگر اللہ نے مجھے تندرست کرنا ہے تو اس ''فرشتہ ڈاکٹر'' کے ہاتھوں ورنہ اور کہیں سے شفایابی مشکل ہے۔ یوں یہ گھرانہ چھوٹی عمر سے ہی مسائل کا شکار ہوگیا۔ لیکن مرحومہ نانی جان نے اس صدمہ کو بڑے حوصلے سے برداشت کیا اور آپ کی سعادت مند اولاد نے بھی آپ کا ساتھ دیا۔

قبول احمدیت

ہمارے خاندان نے 37-1936ء میں احمدیت قبول کی اور دوسروں کی طرح مخالفتوں اور آزمائشوں میں سے گزرنا پڑا۔ خاکسار کی پیدائش 1939ء کی ہے۔ اسی سال دادا جان نے والد صاحب کو گھر سے نکال دیا۔ بے سروسامانی کا یہ عالم تھا کہ شدید سردی سے بچاؤ کے لئے کپڑے بھی نہ تھے۔ والدہ مرحومہ ٹوپی والا برقعہ پہنتی تھیں۔ اسے پھاڑ کر والدہ کے لئے چادر اور باقی کپڑا بچوں کے اوپر ڈالنے کے لئے تیار کیا گیا اور اس حالت میں یہ کنبہ 10 میل کا پیدل سفر کر کے ایک گاؤں گیا۔ والد صاحب نے آٹھ آنے مزدوری پر آلوؤں کے ایک کھیت کی گوڈی کا کام لیا اگلے روز مزدوری ملی اور یوں نان جویں میسر آئی۔ کچھ دنوں بعد ایک چھوٹا بھائی کسی نہ کسی طور تلاش کر کے پہنچ گیا اور اس کنبے کو واپس لے گیا۔ لیکن اس دوران بچے مختلف بیماریوں کا شکار ہوگئے اور کچھ عرصہ بعد ایک بیٹا اور ایک بیٹی راہی ملک عدم ہوئے۔ والدہ مرحومہ نے نہایت صبر سے اس صدمہ کو برداشت کیا۔

مہمان نوازی

والد صاحب اور والدہ صاحبہ حتی المقدور مہمانوں کی خدمت کیا کرتے تھے۔ دادا جان نے جب گھر سے نکالا تو طنزاً کہا ''میں دیکھوں گا اب تم لوگوں کو کس طرح پراٹھے کھلاتے ہو'۔ میرے دادا رشتہ میں والدہ صاحبہ کے تایا تھے۔ وہ اپنی تمام تر ذہانت اور قیافہ شناسی کے باوجود سلسلہ احمدیہ سے منسلک نہ ہوئے لیکن انہوں نے اپنی آخری سانسیں اپنے اسی احمدی بیٹے کے گھر لیں۔ خدا تعالیٰ نے جب اپنی راہ دکھائی تو استقامت اور فضل بھی نازل فرمایا اور دیکھنے والوں نے دیکھا اور سننے والوں نے سنا کہ گھر میں جو بھی مہمان بنا وہ پراٹھے کھا کر ہی گیا، خواہ خود گھر والوں نے سوکھی روٹی مرچ مصالحہ سے کھائی ہو۔

یہاں پر مہمان نوازی کے بے لوث وصف کی ایک مثال بیان کرنا ضروری خیال کرتا ہوں۔ گاؤں میں شام کے دھند لکے ہیں۔ بھیڑوں کا ایک گلہ مع اپنے 9 گلہ بانوں کے ہمارے گھر کے پاس ایک کھلی جگہ پر قیام پذیر ہوا۔ انہوں نے خوراک کے لئے پورے گاؤں کا چکر لگایا لیکن کھانا میسر نہ ہوا۔ دریں اثناء اندھیرا مزید گہرا ہوگیا تو انہوں نے ہمارا دروازہ کھٹکھٹایا۔ صورتحال جاننے کے بعد والد صاحب نے مجھے ان کو پانی پلانے کا کہا اور خود والدہ صاحبہ سے بات کرنے لگے۔ وہ اٹھ بیٹھیں۔ گاؤں میں نہ تو کاروباری تنور ہوتے ہیں اور نہ ہوٹل، آٹا گوندھا گیا، آگ جلائی گئی اور کھانا تیار کیا گیا۔ والد صاحب نے ان کے لئے ایک لالٹین بھی بھجوائی تاکہ رات بھر وہ اپنی بھیڑوں پر نظر رکھ سکیں۔ کھانے سے فارغ ہونے کے بعد انہوں نے کھانے کی قیمت دینا چاہی مگر شکریہ کے ساتھ انکار کر دیا گیا۔ صبح سویرے انہوں نے دودھ کی پیشکش کی لیکن اس سے بھی انکار کر دیا گیا۔ شہر میں رہائش پذیر لوگوں کو شاید اس مہمانی میں کچھ خاص قربانی دکھائی نہ دے کیونکہ شہروں میں ہوٹل، تندور، تیل گیس اور بجلی کی سہولت موجود ہوتی ہے لیکن اس قربانی کے حسن سے کامل واقفیت وہی رکھ سکتا ہے جس نے دیہاتی زندگی کو قریب سے دیکھا ہو کہ بعض اوقات پانی کی ایک گاگر بھرنے کے لئے کئی فرلانگ کا فاصلہ طے کرنا پڑتا ہے۔

قرآن مجید سے محبت

والدہ مرحومہ کو ہم نے روزانہ تلاوت قرآن کریم کرتے دیکھا۔ گاؤں کی بہت سی بچیوں کو قرآن مجید پڑھایا۔ روزانہ تلاوت قرآن کریم عمر کے آخری سالوں تک جاری رہی۔ نظر کمزور ہو جانے پر موٹے حروف کا بڑی تقطیع والا قرآن مجید زیر مطالعہ رہا۔ عمر کی نوے کی دہائی میں سورۃ یٰسین، مزمل اور رحمان یاد کیں۔ گھر میں نگرانی کرتیں کہ بچے روزانہ تلاوت قرآن کریم کریں۔ زیادہ پڑھی لکھی نہ تھیں لیکن الفضل کا مطالعہ کرتیں۔

قبولیت دعا

دعاؤں سے گہرا شغف تھا۔ بڑی الحاح سے دعا کرتیں۔ ایک مرتبہ سب سے چھوٹا بیٹا شدید بیمار ہوگیا اور بچنے کی امید دم توڑنے لگی تو جائے نماز اٹھایا اور اپنے مجیب الدعوۃ خدا کے حضور سجدہ ریز ہوگئیں اور اس قدر جوش اور رقت سے گریہ وزاری کی کہ اردگرد کا ماحول بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا اور سب دیکھنے اور سننے والوں کی آنکھوں سے آنسوؤں کی لڑیاں بہہ نکلیں۔ کچھ عرصہ بعد مجیب الدعوۃ اور رحمان و رحیم خدا نے دعا کو قبول فرما لیا اور عزیز کو شفائے کاملہ ملی اور وہ آج دادا بن چکا ہے۔ گھر میں یا گھر سے باہر خاندان میں دعا کرنے کے متعلق بات ہوتی تو آپ کے تایا سسر کہا کرتے تھے کہ ''تمہیں کیا پتہ دعا کیا ہوتی ہے۔ جاؤ حشمت سے دعا کرنے کا طریقہ سیکھو جس نے اپنے بیٹے کو موت کے منہ سے چھڑا لیا تھا''۔ غرضیکہ آپ دعا سے خاص تعلق رکھتی تھیں اور خدا تعالیٰ آپ کی دعاؤں کو شرف قبولیت بھی عطا فرماتا تھا۔

ابتلاء اور مصائب پر صبر

والدہ مرحومہ نے زندگی میں بہت سی المناک گھڑیاں گزاریں اور مصائب جھیلے لیکن ہمت، استقلال اور عزم کے ساتھ ان ابتلاؤں اور مصائب کا سامنا کیا۔ شروع میں والد مرحوم کی جواناں مرگ، احمدیت اختیار کرنے پر بزور طاقت دربدری، 1953ء اور 1974ء کے پُرفتن ابتلاء اولاد کی فوتیدگی وغیرہ وغیرہ۔ خاکسار 1953ء میں ساتویں جماعت کا طالب علم تھا۔ سکول گاؤں سے تین کوس کے فاصلے پر تھا۔ آنا جانا اکثر پیدل اور کبھی کبھار سائیکل پر ہوتا۔ جب شورش بڑھی تو سکول بند ہوگئے۔ ہمارا گھر گاؤں میں اکیلا احمدی گھر تھا۔ اردگرد میلوں تک کوئی احمدی گھر نہیں تھا۔ ان دنوں والد صاحب کپڑے کا کاروبار کیا کرتے تھے۔ حالات نے پہلی چوٹ یہ کی کہ لوگوں نے ادھار پر لئے گئے کپڑے کی قیمت ادا کرنا اور کپڑا خریدنا بند کر دیا لیکن خدا تعالیٰ کے بے پایاں فضل اور رحم کے ساتھ کسی نہ کسی طور پر چولہا جلتا رہا۔ مزید فضل یہ ہوا کہ گاؤں کے لوگوں نے مخالفت میں کچھ زیادہ سرگرمی نہ دکھائی۔ گھر میں میرے سمیت کسی بچے کو حالات کی سنگینی کا اندازہ نہیں تھا۔ ایک دن راقم چارپائی پر لیٹا اونچی آواز سے

ہے رضائے ذات باری اب رضائے قادیاں

والی نظم پڑھ رہا تھا کہ والدہ جلدی سے آئیں اور مجھے کمرہ میں لے گئیں۔ پھر ایک دن خاکسار سکول والے گاؤں اکیلا ہی چلا گیا کہ وہاں کی ڈسپنسری سے بخار اور کھانسی کی دوائی لے آؤں۔ جب دوائی لے چکا تو سکول کے کچھ لڑکوں نے گھیر لیا اور کہنے لگے کہ ہم تم کو قتل کر دیں گے۔ میں نے جواب میں کہا کہ مرنا تو ایک دن ہے چلو تمہارے ہاتھوں مر جاتے ہیں۔ اس پر وہ سب ہنس پڑے اور مجھے چھوڑ دیا۔ ادھر گھر میں میری واپسی میں تاخیر پر پریشانی بڑھ گئی۔ والد صاحب نے گاؤں کے ایک آدمی کو میرے پیچھے بھیجا جو میرے ساتھ واپس آیا۔ ہم بچے ماحول کی تلخی سے بے نیاز اپنی اپنی دلچسپیوں میں مگن تھے کہ ایک رات خوابیدہ حالت میں ہمیں کسی کے گھر منتقل کر دیا گیا۔ یہ گھر ایک سابق فوجی کا تھا اور وہ والد صاحب سے ارادت بھی رکھتا تھا۔ ہماری موجودگی سے اہل خانہ کو بے خبر رکھا گیا۔ لیکن ان کے بچے ٹوہ میں لگے رہتے تھے کہ مکان کے اس حصہ کو باہر سے تالا کیوں لگایا گیا ہے اور اندر کون ہے؟ دراصل ان دنوں خبر مشہور تھی کہ قریبی گاؤں کے کچھ لوگ شر پسندی کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔ اپنی موجودگی کو صیغۂ راز میں رکھنا مشکل دکھائی دے رہا تھا۔ کیونکہ گھر کے تقریباً سبھی افراد کھانسی اور بخار کا شکار ہوگئے تھے۔ بچوں کو جب بھی کھانسی اٹھتی ان کو تاکید کی جاتی کہ وہ اپنے منہ کے آگے زور سے ہاتھ رکھ لیں۔ مزید احتیاط یہ کی جاتی کہ ان کو لٹا کر ان پر لحاف اوڑھا دیئے جاتے۔ اس کیفیت میں ہفتہ عشرہ گزر گیا۔ حالات مزید خراب ہوتے چلے گئے۔ پھر نجانے ایک اور قریبی گاؤں کے ایک تعلقدار زمیندار کو کیسے خیال گزرا کہ اس نے اپنے ایک جیالے بھائی کو دو آدمیوں کے ہمراہ تانگہ دے کر بھیجا کہ وہ ہمیں لے آئے۔ چنانچہ وہ آدھی رات کے وقت جب چاند نکلا تو ہمیں اس محسن گھر سے نکال کر اپنے گاؤں لے گیا۔ یہ وہ رات تھی جس دن ٹیکسالی چوک لاہور میں واقع ایک احمدی مستری نذر محمد صاحب جو کہ محلّہ پٹ رنگاں کے باسی تھے، کے لکڑی کے ٹال کو آگ لگائی تھی اور یہ آگ اتنی شدید تھی کہ اسے کافی دور دور سے مشاہدہ کیا گیا۔

چونکہ یہ میزبان گھرانہ وسیع اراضی اور اثر و رسوخ کا مالک تھا اس لئے یہاں ہمیں گھومنے پھرنے کی پوری آزادی تھی۔ ایک پورا مکان رہنے کو میسر تھا اور نوکر خدمتگار الگ اور پھر انہی دنوں کہیں سے اغلباً ''الفاروق'' کا ایک ورقہ اخبار والد صاحب تک پہنچا (کیونکہ اخبار الفضل بند کر دیا گیا تھا) اس میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی المصلح الموعود کا وہ تاریخی ارشاد تھا کہ میں دیکھ رہا ہوں خدا تعالیٰ آسمان سے احمدیوں کی مدد کے لئے دوڑا چلا آ رہا ہے اور وہ فی الواقعہ آیا اور احمدیوں کو امن نصیب ہوا۔ لاہور میں مارشل لاء لگ گیا۔ فوج نے فساد زدہ علاقوں کا کنٹرول سنبھال لیا۔ چنانچہ تقریباً ایک ماہ گزارنے کے بعد ہم اپنے گھر واپس لوٹے۔ جس ہمت اور استقلال سے ہمارے والدین نے یہ وقت گزارا۔ یہ اس بات کی کافی دلیل ہے کہ ان کو احمدیت کی صداقت اور خدائی وعدوں پر کامل یقین تھا۔ ان حالات کا ایک مختصر سا ذکر تاریخ احمدیت کی سولہویں جلد میں ضلع شیخوپورہ کے عنوان کے تحت موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں محسن گھرانوں کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین

تربیت اولاد

والد صاحب اور والدہ صاحبہ نے ہمیشہ تربیت

اولاد کے فرض کو اپنے سامنے رکھا۔ان کی تعلیم کا خیال رکھا۔ والد صاحب کا یہ معمول تھا کہ وہ روزانہ بلا ناغہ اولاد سے متعلق حضرت مسیح موعود کے دعائیہ نظمیہ کلام کو باآواز بلند پڑھنا نہ بھولتے تھے۔ دونوں میاں بیوی تہجد گزار تھے۔ نماز، تلاوت قرآن کریم اور روزوں کے پابند تھے۔ چنانچہ ان کی ساری اولاد بھی بفضل اللہ تعالیٰ ان کے رنگ میں رنگین ہے۔ والدہ مرحومہ کی کل اولاد پانچ بیٹیاں اور پانچ بیٹے تھے۔ ثریا نام کی ایک بیٹی اور اسداللہ نام کا ایک بیٹا پانچ چھ سال کی عمر میں بعارضہ نمونیہ فوت ہوئے اور یہ وہ زمانہ تھا جب قبول احمدیت کی بناء پر سخت سردی کے ایام میں ایک ایسے گھر سے نکالے گئے جس کا تنکا تنکا والد صاحب کی شبانہ روز محنت کا نتیجہ تھا اور اس دربدری کے نتیجہ میں بخار اور نمونیہ کے مرض نے آن گھیرا۔ دوسرا بڑا صدمہ بڑے بیٹے عنایت اللہ کی فوتیدگی تھا۔ یہ پسر بہت ہونہار اور لائق تھا۔ پانچویں جماعت کا طالب علم تھا۔ میو ہسپتال لاہور میں ایک معمولی آپریشن کے دوران فوت ہوگیا۔ موت کی وجہ اغلباً کلوروفارم کی زیادتی تھی۔ اس موت کو والدہ صاحبہ نے بڑی ہمت سے برداشت کیا۔ خاکسار کو بالکل یاد نہیں کہ آپ نے کبھی جزع وفزع کا مظاہرہ کیا ہو۔ ورنہ گاؤں کی عورتیں تو سر پیٹ پیٹ کر، بین ڈال کر، بال کپڑے نوچ کر براحال کرلیتی ہیں اور بے صبری کا یہ مظاہرہ برسوں جاری رہتا ہے۔ ہمارے اس بھائی کی وفات کے وقت صرف والد صاحب ہسپتال میں تھے۔ نعش کو لاری میں لائے اور بس کے اڈہ پر اتر کر پیدل، پیارے بیٹے کی لاش کاندھوں پر اٹھائے گاؤں کی جانب چل دیئے۔ رات کا وقت تھا لوگ جلد سو جاتے ہیں۔ راستے میں ایک بستی تھی وہاں سے چارپائی لی، کچھ لوگ ساتھ ہوگئے۔ اپنے گھر پہنچ کر چارپائی کو باہر ہی رکھا اور خود اندر جا کر نہایت ہمت سے والدہ کو کہا کہ حوصلہ اور ہمت سے ایک بات سنو۔ والدہ مرحومہ سمجھ گئیں اور پھر نہایت خموشی سے اس ہونہار بیٹے کا دیدار کیا۔ آپ کو اپنی زندگی میں اپنی بڑی بیٹی کی وفات کا صدمہ بھی برداشت کرنا پڑا۔ آپ کی یہ بیٹی نہایت ہی صابرہ اور شاکرہ تھیں۔ اپنی بیماری کو نہایت اعلیٰ درجہ کے صبر سے برداشت کیا۔ کوئی شکوہ، کوئی گلہ نہیں کیا۔ کسی بے صبری اور ہائے ہائے کا مظاہرہ نہیں کیا۔ نہایت خاموشی سے موت کو خوش آمدید کہا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے آپ کا نماز جنازہ غائب پڑھاتے وقت ''مثالی ساس'' فرمایا تھا۔ وہ فی الواقعہ مثالی ساس ہی نہ تھیں بلکہ ایک مثالی بیٹی، بہن اور بیوی بھی تھیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے۔ آمین۔ والدہ صاحبہ کو اپنی زندگی میں اپنے تین دامادوں کی وفات کا صدمہ برداشت کرنا پڑا۔ اول چودھری بشیر احمد صاحب محلّہ دارالیمن شرقی ربوہ، دوم حکیم قدرت اللہ خان صاحب آصف بلاک اقبال ٹاؤن لاہور، سوم صوفی بشیر احمد صاحب محلّہ دارالیمن شرقی ربوہ۔ آپ کی دونوں بہنیں محترمہ نذیر بیگم صاحبہ اور محترمہ سعیدہ بیگم صاحبہ نیز دونوں بھائی چودھری غلام

(باقی صفحہ 4 پر)

مکرم ملک منیر احمد صاحب قائد عمومی مجلس انصاراللہ جاپان

دعوت الی اللہ سیمینار 2007ء

زیر اہتمام مجلس انصاراللہ جاپان

